

## پورے خاندان کے لیے رعائتیں اورتشہیری سہولتیں

خوبصورت پارکس، خاندان کے لئے پرکشش تفریحی مقامات، خریداری کے زبردست مواقع، حیرت انگیز ریستوران اور کم خرچ میں بہت کچھ حاصل کریں!


- 12 سال اور اس سے کم عمر بچے مفت سواری کریں
- دو افراد کے لیے ہفتہ بھر کام کے دنوں میں گروپ پاسز 30 ڈالر سے شروع
- ہفتہ وار چھٹی کے دنوں میں پاس 10 ڈالر میں
- معمر افراد اور طلبا کے لئے رعائتیں

## رعایتی GO ٹرانزٹ کرایوں پر مبنی PRESTO کارڈ حاصل کرنے کے لیے یہاں اسکین کریں

رعایتی کرائے محدود مدت کے لیے ہیں اور سائن اپ کرنے سے، آپ کو نئے آنے والوں کی ای میلز بھی موصول ہوں گی جن میں سفری تجاویز، خصوصی تقریبات کے بارے میں معلومات اور بہت کچھ شامل ہے۔ اہلیت: اونٹاریو میں گذشتہ تین برس میں نئے آنے والے 20 سے 64 سال تک کی عمر کے بالغ افراد

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو ہمیں کال کریں یا تحریری میسیج بھیجیں ٹول فری نمبر: 1-888-GET-ON-GO (438-6646) پر

## SYSTEM MAP
## PLAN DU RÉSEAU




## پیئرسن ائرپورٹ سے اندرون شہر ٹورنٹو کے درمیان سفر کریں کسی پریشانی کے بغیر

قابل اعتماد، محفوظ اور سستا! علاوہ ازیں 12 سال اور اس سے کم عمر بچے مفت سفر کریں۔ **upexpress.com** ملاحظہ کریں



**UP**
**Union Pearson Express**

## MAGNUSCARDS ایپ سے GO ٹرانزٹ آسان ہو گئی ہے

MagnusCards ایپ میں GO ٹرانزٹ کارڈ ڈیکس سے سفر کو آسان بنائیں۔ MagnusCards ایک موبائل ایپ ہے جو واضح اور مرحلہ وار ہدایات کے ذریعے GO ٹرانزٹ نیٹ ورک میں سفر کرنے کے بارے میں اندازہ لگائے گی۔ یہ ایپ انگریزی، فرانسیسی، ہسپانوی، پنجابی، ہندی اور مینڈارن زبانوں میں دستیاب ہے۔

براہ مہربانی MagnusCards کی اضافی معلومات یا ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے QR کوڈ اسکین کریں۔

## باہر نکلیں اور جائزہ لیں

وہاں سے باہر نکلنے اور آپ کے نئے گھر کی پیش کردہ ہر چیز کا جائزہ لینے میں آپ کی مدد کے لیے بہت سارے وسائل موجود ہیں۔

- نئے آنے والوں کے لیے **gotransit.com/welcome** پر خصوصی ویب سائٹ
- MagnusCards ایپ میں GO ٹرانزٹ مرحلہ وار ہدایات
- PRESTO مراعات کے ساتھ، آپ اپنے PRESTO کارڈ سے بچت کرتے ہیں۔ پُرکشش مقامات دیکھنے، تقریبات میں شرکت کرنے اور کھانا کھانے میں رعایت حاصل کرتے ہیں۔ **prestocard.ca/perks** ملاحظہ کریں۔



# خوش آمدید، نئے آنے والو!







## مقامی فرد کی طرح جائزہ لیں

آپ کے نئے گھر میں دیکھنے اور کرنے کے لیے بہت کچھ ہے۔

ایک نئے معاشرے میں آباد ہونا مشکل ہو سکتا ہے: اپنے نئے گھر کے بارے میں جاننا، ضروری چیزیں اکٹھی کرنا اور روزگار حاصل کرنا یہ سب اولین ترجیحات ہوتی ہیں۔ لیکن اس کے باوجود تفریح کرنا، آرام کرنا اور کچھ جگہوں کا جائزہ لینا بھی ضروری ہوتا ہے!

نیاگرا فالز کا دورہ کریں اور وہاں پیش کی جانے والی ہر چیز کا جائزہ لیں۔ کلفٹن ہل کے پرکشش مقامات، تتلیوں کی افزائش گاہ، مقامی کیسینوز اور باغات کی سیر کریں یا نیاگرا سٹی کروز کی کشتی کے ذریعے عالی شان آبشار کو قریب سے دیکھیں یا آبشار کے پیچھے سفر کا تجربہ حاصل کریں۔

## GO ٹرانزٹ پر سفر کا منصوبہ کیسے بنائیں

**gotransit.com** پر جائیں۔ ہوم پیج پر "اپنے سفر کا منصوبہ بنائیں" ، اس کے تحت:

1. مسافروں کی تعداد منتخب کریں
2. "**Depart At**" یا "**Arrive By**" کا انتخاب کریں
3. اپنے آغاز اور اختتام کے مقامات درج کریں
4. اپنے سفر کی تاریخ اور وقت درج کریں
5. (تلاش) "**Search**" کو دبائیں

## پبلک ٹرانسپورٹ کے ذریعے مفت منتقلی سے پیسے بچائیں

جب آپ PRESTO سے ادائیگی کے ذریعے GO ٹرانزٹ پر سوار ہوتے ہیں، تو مقامی پبلک ٹرانسپورٹ سے آنے، جانے کی منتقلی مفت ہوتی ہے۔ ہر بارجب آپ منتقلی کے وقت اپنے PRESTO کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ کو ٹیپ کریں گے تو آپ کا مقامی پبلک ٹرانسپورٹ پر سفر مفت ہو گا۔

بزرگوں اور طلباء کے لیے مفت منتقلی اور دیگر رعایتی کرایوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ **gotransit.com/welcome** ملاحظہ کریں

## GO ٹرین یا GO بس میں سوار ہونے کے لیے PRESTO کارڈ سے ادائیگی کیسے کریں

1. GO ٹرینوں کے لیے، سوار ہونے سے پہلے اسٹیشن پرموجود پریسٹو مشین کے ذریعے اپنے PRESTO کارڈ ٹیپ کریں اور پھر اپنی منزل پر اترنے کے بعد دوبارہ ٹیپ کریں۔
2. GO بسوں کے لیے، بس میں سوار ہوتے ہی اپنے کارڈ ٹیپ کریں اور اپنی منزل پر اترنے کے بعد بھی۔

**یاد رکھیں: ہر بار ٹرینوں یا بسوں پر سوار ہوتے اور اترتے وقت ٹیپنگ ضرور کریں ورنہ آپ سے اضافی کرایہ وصول کیا جائے گا۔**

## اپنی ہر مہم پر PRESTO مراعات محفوظ کریں!

آپ کا PRESTO کارڈ آپ کو بہترین پرکشش مقامات دیکھنے، کھانا کھانے اور کھیلوں میں زبردست رعایت فراہم کرتا ہے۔ آپ کارڈ کے ذریعے جتنا زیادہ گھومیں پھریں گے، اتنی ہی مراعات محفوظ کریں گے! کھانا کھانے سے لے کر تھیم پارکس کی سیر تک، آپ کا PRESTO کارڈ آپ کے لئے خصوصی رعایت کے در کھولتا ہے تاکہ آپ ہر تجربے سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکیں۔

اس پیشکش کی تفصیلات سے متعلق مزید معلومات کے لئے **prestocard.ca/perk** ملاحظہ کریں۔



## آپ کے لئے PRESTO کارڈ مفت!

یہ کارڈ، GO ٹرینوں، بسوں اور مقامی پبلک ٹرانسپورٹ پر کرایوں کی ادائیگی کے لئے استعمال کریں۔




**سب سے پہلے کارڈ پررقم لوڈ کریں، درج ذیل باتوں پرعمل کریں:**

1. اوپرمنسلک کارڈ ہٹا دیں
2. اپنے کارڈ پر رقم لوڈ کرنے کے لیے درج ذیل میں سے ایک آپشن کا استعمال کریں:
   - PRESTO موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں یا **prestocard.ca** پرجائیں۔
   - GO یا TTC اسٹیشن پرPRESTO خود کار مشین استعمال کریں۔
   - شراکتی شاپرز ادویات کے اسٹورز پر جائیں اور کسٹمر سروس کے نمائندے سے پوچھیں

اپنےPRESTO اکاؤنٹ کے ذریعے اپنے PRESTO کارڈ بیلنس اور پاسز کی حفاظت کریں۔ **prestocard.ca** پرجائیں یا سائن اپ کرنے کے لیے PRESTO ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

***آپ یکم جولائی سے 30 ستمبر 2025 تک کی محدود مدت کے لئے جب نیا PRESTO کارڈ استعمال کریں گے تو بالغوں کے کرائے میں آپ کو 50 فیصد رعایت خود بخود ملے گی۔***

*اسٹیشن پر یا بسوں میں PRESTO مشین پر ٹیپ کرنے سے رعایت خود بخود لاگو ہوتی ہے*



## اپنے نئے گھر کا جائزہ لیں

جیسے ہی آپ گریٹر ٹورنٹو اور ہیملٹن ایریا (GTHA) میں آباد ہوں گے، اس بارے میں مزید جانیں کہ GO ٹرانزٹ، UP Express اور PRESTO کے ذریعے آپ آس پاس کے علاقوں میں بآسانی اور تیزی سے کیسے جا سکتے ہیں۔

- GO ٹرانزٹ ٹرینیں اور بسیں آپ کو پورے GTHA میں لے جا سکتی ہیں
- UP ایکسپریس آپ کو اندرون شہر ٹورنٹو سے پیئرسن ہوائی اڈے تک صرف 25 منٹ میں پہنچا سکتی ہے
- PRESTO کارڈز، GO ٹرانزٹ، UP ایکسپریس اور GTHA کے پارمقامی پبلک ٹرانسپورٹ پر کرایوں کی ادائیگی کا سب سے آسان طریقہ ہے

یہ گائیڈ بک اپنے پاس رکھیں، اس سے پبلک ٹرانسپورٹ پر بآسانی سفر کرنے میں مدد ملے گی۔

مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں:
**gotransit.com/welcome**